Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Education) Course Work Examination, April 2021

Paper - PHED101DST : Educational Management, Planning & Finance

پرچہ :

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. درج ذیل میں کون تعلیمی انتظام کے نظریات میں شامل نہیں ہے؟

(a) اجتماعی(Collegial) (b) سماجی(Social)

(c) رسمی(Formal) (d) ثقافتی(Cultural)

ii. تعلیمی منصوبہ بندی سے متعلق تعلیمی لائحہ عمل کی منصوبہ بندی کس تصور کس نے دیا؟

(a) Bell (b) Kaufman

(c) Franco (d) Adam Smith

iii. درج ذیل میں کون تعلیمی افعال میں شامل ہے؟

(a) فیصلہ سازی (b) منصوبہ بندی

(c) تنظیم کاری (d) درج بالا سبھی

iv. کون سا پنچ سالہ منصوبہ تعلیمی منصوبہ کہا جاتا ہے؟

(a) بارہواں (b) دسواں (c) نواں (d) گیارہواں

v. تعلیم میں خارجیت(Externalities) کو ---------------کہا جا سکتا ہے۔

(a) براہ راست فائدہ(Direct Benefit) (b) تعلیم سے آمدنی(Income from Education)

(c) غیرارادی فائدہ(Unintentional Benefit) (d) ان میں سے کوئی نہیں۔

vi. GDPمیں تعلیم کی حصہ داری تقریباً کتنی ہے؟

(a) 2% (b) 3% (c) 4% (d) 6%

vii. ہندوستان میں اسکولی تعلیم کے شعبے میں مالی وسائل کی حصہ داری(Financial Resource Allocation) تقریباً کتنی ہے؟

(a) 25% (b) 50% (c) 75% (d) 90%

viii. ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں مالی وسائل کی حصہ داری(Financial Resource Allocatio) تقریباً کتنی ہے؟

(a) 25% (b) 50% (c) 75% (d) 90%

ix. درج ذیل میں کسے انسانی بااختیاری(Human Empowerment) کہا جا سکتا ہے؟

(a) آزادی(Freedom) (b) خودتعین کاری(Self Determination)

(c) کلی مواقع(Fullest Opportunity) (d) درج بالا سبھی

x. تعلیم میں مخصوص شعبے کی سرمایہ کاری کو کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جاتا ہے۔

(a) Micro (b) Macro (c) دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

(حصہ دوم)

2. تعلیمی انتظام کے اصولوں کو مختصراً بیان کیجیے۔
3. تعلیمی منصوبہ بندی کی سماجی مانگ رسائی کی وضاحت کیجیے۔
4. لامرکزی منصوبہ بندی(Decentralised Planning) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ضلع سطح پر یہ کس طرح کام کرتی ہے؟ واضح کیجیے۔
5. اعلیٰ تعلیم میں معلمین کی کارکردگی کا جائزہ کیسے کیا جاتا ہے؟واضح کیجیے۔
6. تعلیم میں کھاتہ داری(Accounting) اور آڈِٹنگ(Auditing) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔
7. انسانی پونجی(Human Capital) اور اقتصادی ترقی(Economic Growth) کے درمیان ہم رشتگی کی وضاحت کیجیے۔
8. تعلیم میں Cost Benefiit Analysis کو مع مثال بیان کیجیے۔
9. ہندوستان میں تعلیمی وسائل کی تقسیم کاری کے لیے کیا لائحہ عمل اختیار کیا جاتا ہے؟واضح کیجیے۔

(حصہ سوم)

10. تعلیم میں سرمایہ کاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟تعلیم میں مائیکرو اور میکرو سرمایہ کاری کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔
11. تعلیمی پیداوار(Educational Productivity) اور تعلیمی ضروریات(Educational Needs) سے وسائل کی تقسیم کاری کیسے مربوط ہے؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔
12. تعلیمی انتظام وانصرام(Educational Governance) میں آئی۔سی۔ٹی۔کے کردار کی وضاحت کیجئے۔اس کے فوائد اور نقصانات بیان کیجیے۔
13. تعلیمی انتظام سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟تعلیمی انتظام کے مختلف افعال پر روشنی ڈالیے۔
14. تعلیمی منصوبہ بندی سے متعلق بیل(Bell) کے ماڈل کی تفصیلی وضاحت کیجئے۔اس کے فوائد اور نقصانات بیان کیجیے۔

☆☆☆